# Maulana Azad National Urdu University
## M.Com. III Semester Examination December - 2017
## Paper : (MMCM303CCT) : Cost Accounting
## پرچہ : لاگت کھاتے

**Total Marks : 70** **Time : 3 hours**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

سوال: 1

خالی جگہوں پر کیجیے۔

(i) EOQ کو محسوب کرنے کا ضابطہ .............................. ہے۔

(ii) قیمتوں میں اضافہ کے دوران............................طریقہ پر مال کی اجرائی بہتر ہوتی ہے۔

(iii) روون کے طریقہ پر اجرت کی ادائیگی کا ضابطہ ............................ ہے۔

(iv) ٹیلر تفرقی پارچہ شرح کے تحت معیار سے کم پیدا کرنے پر اجرت پارچہ شرح کا ........................ فیصد دیا جاتا ہے۔

(v) Prime Cost میں فیکٹری کے مصارف جمع کرنے پر حاصل رقم کو........................کہتے ہیں۔

بتائیے کہ ذیل کے بیانات صحیح ہیں یا غلط۔

(vi) حاصل سود 'ڈیوڈنڈ' کو تختہ لاگت میں بتلایا جاتا ہے۔ ( )

(vii) بالائی اخراجات راست پیداواری مصارف ہوتے ہیں۔ ( )

(viii) اوسط لاگت دراصل فی اکائی پیداوار لاگت ہوتی ہے۔ ( )

(ix) میرک تفرقی پارچہ شرح میں معیار سے کم پیداوار پر بھی اجرت کی شرح نارمل ہوتی ہے۔ ( )

(x) فرسودگی راست پیداواری لاگت ہے۔ ( )

## حصہ دوم

2. ایک کام کی تکمیل کے لیے معیاری وقت 12 گھنٹے مقرر کیا گیا' جب کہ مزدور 10 گھنٹوں میں کام مکمل کرتا ہے' اجرت فی گھنٹہ 50 روپے مقرر ہے۔ تب ہالسے (Halsey) اور روون (Rowan) منصوبوں کے تحت مزدوروں کی اجرت محسوب کیجیے۔

3 دیا گیا ہے کہ

(a خام مال کے استعمال کی کم از کم مقدار (Minimum Usage) = 50 اکائیاں فی ہفتہ

(b خام مال کی استعمال کی زیادہ سے زیادہ مقدار (Maximum Usage) = 150 اکائیاں فی ہفتہ

(c خام مال کے استعمال کی عام مقدار (Normal Usage) = 100 اکائیاں فی ہفتہ

(d Ordering Quantity = 600 - x اکائیاں

= 1000 - y اکائیاں

(e Delivery Period = 4 - x تا 6 ہفتے

= 2 - y تا 4 ہفتے

تب محسوب کیجیے۔

(i) Reordering Level (ii) Minimum Stock Level (iii) Maximum Stock Level

4 ذیل کی تفصیلات کی مدد سے Machine Hour Rate معلوم کیجیے۔

مشین کی لاگت 10,000 روپے۔مشین کی مدت 5 سال۔مشین پر ماہانہ اخراجات۔کرایہ ماہانہ = 500 روپے۔درستگی کے اخراجات 300 روپے ماہانہ۔ایک نگران کار کی تنخواہ (یہ دو مساوی مشینوں کی نگرانی کرتا ہے) 600 روپے ماہانہ۔لائٹنگ ماہانہ = 250 روپے۔فی یونٹ 3 روپے کے حساب سے ایک گھنٹے میں تین یونٹ بجلی جلتی ہے۔سالانہ مشین کے گھنٹے 1200 گھنٹے۔

5 ذیل کی تفصیلات کی مدد سے سادہ اوسط (Simple Average) کے طریقہ پر اسٹور لیجر تیار کیجیے۔

| Date | Received (Unit) | Rate | Issued Unit |
|---|---|---|---|
| 01-01-2016 | 500 | 5.00 | - |
| 02-01-2016 | 300 | 7.00 | - |
| 04-01-2016 | - | - | 200 |
| 05-01-2016 | 400 | 8.00 | - |
| 06-01-2016 | - | - | 300 |
| 07-01-2016 | 500 | 10 | - |
| 12-01-2016 | - | - | 400 |

6 متغیر اور مستقل (Variable & Fixed) لاگت کی تعریف کرتے ہوئے مثالوں کے ساتھ ان کی وضاحت کیجیے۔

7 کاہلی کے اوقات (Ideal Time) کی تعریف کرتے ہوئے ان پر قابو پانے کے اقدامات کو بیان کیجیے۔

8. ذخیرہ کنٹرول (Inventory Control) سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے۔

9. مالیاتی اور لاگت کھاتوں کے درمیان امتیاز کیجیے۔

## حصہ سوم

10. (i) فی گھنٹہ معیاری پیداوار 20 اکائیاں۔ اجرت فی گھنٹہ = 60 روپے۔ایک دن کام کے 8 گھنٹوں میں مزدور A 120 اکائیاں، مزدور B 150 اور مزدور C 175 اکائیاں تیار کرتا ہے۔تب میرک تفرقی پارچہ شرح کے تحت تین مزدوروں کی اجرت محسوب کیجیے۔

.11

| | 01-01-2015 | 31-01-2015 |
|---|---|---|
| خام مال | 50,000 روپے | 20,000 روپے |
| Working Progress | 20,000 روپے | 10,000 روے |
| تیار مال(Finished Goods) | 30,000 روپے | 15,000 روپے |

خام مال کی خریدی = 1,50,000 روپے۔خام مال کی خریدی پر ڈیوٹی اخراجات = 20,000 روپے۔اندرونی بار برداری= 30,000 روپے تنخواہیں =1,40,000 روپے بیرونی بار برداری30,000 روپے پانی گیس ایندھن = 40,000 روپے۔دیگر راست اخراجات= 90,000 روپے۔ راست اجرت= 2,00,000 روپے۔تشہیر کے اخراجات = 40,000 روپے سفری مصارف = 30,000روپے۔دفتری اخراجات = 8,000 روپے۔کرایہ آفس = 40,000 روپے۔پیکنگ کے اخراجات = 20,000 روپے۔کمیشن = 40,000 روپے۔فیکٹری کے اخراجات =90,000 روپے، مشنری پر فرسودگی فیکٹری = 30,000 روپے۔بالراست اجرت = 40,000 روپے

مطالبات: 1. فیکٹری کے منیجر کی تنخواہ 10,000 روپے۔آفس کے منیجر کی تنخواہ 20,000 روپےاداشدنی ہے۔

2. 20,000 روپےراست اجرت اداشدنی ہے۔

3. نگرانکار کے مکمل اخراجات 1,00,000روپے۔اس کو فیکٹری میں 50,000روپے۔آفس20,000 روپے۔فروخت میں 30,000 روپے میں تقسیم کیا جائے۔

.12 بالائی اخراجات کی تعریف کرتے ہوئے مختلف بالائی اخراجات کی تقسیم کی بنیادوں کی وضاحت کیجیے۔

.13 لاگت کھاتوں کی تعریف کرتے ہوئے ان کی اہمیت واستعمالات اور تحدیدات پر بحث کیجیے۔

.14 ذیل کی تفصیلات سے LIFO طریقہ پر اسٹور لیجر تیار کیجیے۔

یکم نومبر: ابتدائی ذخیرہ500 اکائی @-/200 فی اکائی

3 نومبر: 100 اکائی جاری کیے گئے

4 نومبر: حاصل 200اکائی ، فی اکائی 210 روپے

8 نومبر: اجرائی75 اکائیاں

13 نومبر: 300 اکائیاں وصول ہوئے۔فی اکائی 205 روپے

14 نومبر: 100 اکائیاں حاصل ہوئی فی اکائی 215 روپے

16 نومبر: اجرائی 100 اکائیاں

20 نومبر: 100 اکائیاں حاصل ہوئے فی اکائی 220 روپے

24 نومبر: اجرائی 150 روپے

☆ ☆ ☆